اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن    اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مَدَنی مذاکرے کے سُوال جواب

| | | |
|---|---|---|
| 20شوال المکرم 1443ھ | عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی بعد نمازِ عشاء | 21مئی 2022ء |

**سوال :** قرض مانگنے کے لیے آنے والا سخت جملے بولے تو کیا کریں؟

**جواب :** عام طور پر قرض مانگنے کے لیے آنے والا خوشامدانہ انداز میں بات کرتا ہے البتہ جو بے تکلف ہو وہ ہو سکتا ہے کہ شاید سخت جملے بولے، اگر آپ اُسے قرض دے سکتے ہیں تو دے دیں، اگر نہیں دے سکتے تو اچھے انداز میں منع کر دیں، اس پر وہ سخت جملے بولے تو صبر کریں، جواباً کچھ نہ کہیں، جواب دینے جائیں گے تو جھگڑا یا دل آزاری ہو سکتی ہے۔

**سوال:** کیا کانچ (شیشے) کے برتن استعمال کرنا سُنّت سے ثابت ہے؟

**جواب:** جی ہاں! نبیِ پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے **مٹی، لکڑی اور شیشے کے برتن** استعمال فرمائے ہیں۔

**سوال:** دُعائے اِسْتِسقاء (بارش کے لیے دُعا) کے بارے میں امیرِ اہلِ سنت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا اعلان فرمایا؟

**جواب:** 27مئی 2022ء بروز جمعۃ المبارک بعد نمازِ جمعہ ہر مسجد میں دُعائے استسقاء کرنے کی درخواست ہے، جتنا مجمع زیادہ ہو گا دعا کی قبولیت کا فیضان زیادہ ہو گا، اِن شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم

**سوال:** دعوتِ اسلامی کے شعبے FGRF کے ساتھ تعاون کرنے والوں کے لیے آپ کیا فرماتے ہیں؟۔

**جواب:** FGRF بڑے کمال کا شعبہ ہے، اس شعبے کے میرے جتنے بھی مدنی بیٹے ہیں خوب خدمت کر رہے ہیں، اللہ پاک سب کو بِلا حساب بخشے، ان کے ماں باپ، آل اولاد کو بِلا حساب بخشے، جو ہمارے شعبے کے ساتھ تعاون کرتے ہیں، یوں پیارے آقا صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دُکھیاری اُمّت کی خدمت کر رہے ہیں، اللہ پاک سب کا بیڑا پار کر دے، سب کو حاجی بنا دے، سب کو مدینہ دِکھا دے اور سب کو جنت الفردوس میں پیارے حبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پڑوس عطا فرمائے اور ان سب کے صدقے مجھ کو بھی نواز دے، میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہو جائے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خاتمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

**توجہ فرمائیں:** دعوتِ اسلامی کے اس شعبے FGRF کے ذریعے پیارے آقا صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دُکھیاری اُمّت کی خدمت کرنا چاہیں تو شعبے کے بینک اکاؤنٹ میں بھی رقم بھیجی جا سکتی ہے۔ (آپ کا چندہ کسی بھی جائز، دینی، اصلاحی، فلاحی، روحانی، خیر خواہی اور بھلائی کے کاموں میں خرچ کیا جا سکتا ہے)

Dubai Islamic Bank

Account Title: Dawat E Islami – Faizan Global Relief Foundation (FGRF)

A/C: 1760135392017

Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)

**سوال :** میاں بیوی میں اَن بَن (لڑائی، جھگڑا) ہو تو کیا کریں؟

**جواب:** اس طرح کے معاملات میں یا تو غلطی ہوتی ہے یا غلط فہمی ہوتی ہے، غلط فہمی دور ہو سکتی ہے، غلطی ہو تو معافی مانگ لیں، بار بار غلطی نہ کریں، ایک دوسرے کی نفسیات کو پہچان لیں تو اتفاق رہے گا، جب اپنی سوچ کو دوسرے پر نافذ کرنے کی کوشش کریں گے تو پھر اتفاق مشکل ہے، دونوں کچھ کچھ جھکیں گے (یعنی ایک دوسرے کی بات قبول کر لیں گے) تو مسئلہ حل ہو جائے گا۔

**سوال:** بھُول جانا بھی ایک نعمت ہے، کیا یہ بات دُرُست ہے ؟

**جواب:** جی ہاں! بھُولنا واقعی نعمت ہے، اگر کوئی غم پہنچا اور جم گیا تو جینا مشکل ہو جائے گا۔

**سوال :** سَمَنْدَر کیا ہوتا ہے؟

**جواب :** سَمَندر وہ کیڑا ہے جو طویل مدت تک جلنے والی آگ میں پیدا ہوتا ہے، وسیع پانی والے کو سُمُنْدَر (Sea) کہتے ہیں ۔

**سوال:** اِس ہفتے کا رِسالہ "**امیرِ اہلِ سُنّت سے جنّت کے بارے میں سوال جواب**" پڑھنے یا سُننے والوں کو جانشینِ امیرِ اہلِ سُنّت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا دُعا دی؟

**جواب:** یاربَّ المصطفٰے! جو کوئی 17 صفحات کا رسالہ "امیرِ اہلِ سُنّت سے جنّت کے بارے میں سوال جواب" پڑھ یا سُن لے، اُسے جنّت میں لے جانے والے نیک کام کرنے اور گُناہوں سے بچنے کی توفیق عطا فرما کر بِلا حساب مغفرت سے نواز دے اور جنّت الفردوس میں اپنے پیارے اور آخری نبی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پڑوس عطا فرما اور یہ دعائیں مجھ گناہگار کے حق میں بھی قبول فرمایا۔ اٰمِین بِجَاہِ خاتم النَّبیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم۔

مشاورت آفس پاکستان
Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)